بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# اردو تعلیمی امتحانات (مین لیول)

## شش ماہی نصاب

## مئی 2026–اگست 2026

نام: ____________________

برانچ: ____________________

نوٹ:

یہ پرچہ دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

تحریری حصہ: ۶۵ نمبر زبانی حصہ: ۲۰ نمبر

امیدوار شیٹ پر تحریری حصہ کا جواب دے گا اور برانچ کا ممتحن زبانی حصہ سن کر شیٹ پر نمبر لکھے گا۔

| | |
|---|---|
| Section A : Written | /65 |
| Section B : Oral | /20 |
| **TOTAL** | /85 |

تمام سوالات لازمی ہیں۔

اس پرچہ میں سولہ صفحے ہیں۔

# حصہ ۱- تحریری

**سوال ۱-** سورۃ الانشقاق کی درج ذیل آیات کی تفسیر لکھیں۔ (ہر سوال ۵ نمبر کا ہے کل نمبر ۱۰ ہیں)

(الف)

**Verse-17**

فَلَآ اُقْسِمُ بِالشَّفَقِ ﴿۱۷﴾

**Translation**: But nay! I call to witness the evening twilight,

ترجمہ: پس خبردار! میں شفق کو گواہ ٹھہراتا ہوں۔

**Verse-18**

وَالَّيْلِ وَمَا وَسَقَ ﴿۱۸﴾

**Translation**: And the night and *all* that it envelops,

ترجمہ: اور رات کو اور اسے جو وہ سمیٹتی ہے۔

**Verse-19**

وَالْقَمَرِ اِذَا اتَّسَقَ ﴿۱۹﴾

**Translation**: And the moon when it becomes full,

ترجمہ: اور چاند کو جب وہ نور سے بھر جائے۔

**Verse-20**

لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ ﴿٢٠﴾

**Translation**: That you shall assuredly pass on from one stage to another.

ترجمہ: یقیناً تم ضرور درجہ بدرجہ ترقی کروگے۔

سورۃ الانشقاق کی مندرجہ بالا آیات کی تفسیر لکھیں۔(ہر سوال ۵ نمبر کا ہے کل نمبر ۱۰ ہیں)

______________________________________________

**سوال ۲**-دی گئی جگہ پر مندرجہ ذیل خدائے باری تعالیٰ کے صفاتی ناموں کا اردو ترجمہ لکھیے۔(۵نمبر)

| | |
|---|---|
| اَلنُّوْرُ | |
| اَلْهَادِیْ | |
| اَلْبَدِيْعُ | |
| اَلْبَاقِیْ | |
| اَلْوَارِثُ | |

**سوال ۳**-حضرت خلیفہ اللہ مسیح ثانیؓ نے اللہ تعالیٰ کی صفت القدوس کے بارے میں کیا فرمایا ہے ؟

(تعلیمی نصاب 2025-2026 میں دیے گئے نوٹس کے مطابق) (۴نمبر)

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

**سوال۴**- نماز کی لفظی ادائگی کے اردو تراجم دی گئی جگہوں میں لکھیں۔(۱۱نمبر)

| سجدہ | |
|---|---|
| سُبْحَانَ | |
| رَبِّيَ | |
| الْاَعْلٰى | |

| جلسہ | |
|---|---|
| رَبِّ | |
| اغْفِرْلِيْ | |
| | |
| وَارْحَمْنِيْ | |
| وَاهْدِنِيْ | |
| وَعَافِنِيْ | |
| وَاجْبُرْنِيْ | |
| وَارْزُقْنِيْ | |
| وَارْفَعْنِيْ | |

**سوال۵۔** مندرجہ ذیل حدیث میں لفظ "قلب" کا مطلب سمجھائیں۔

(دیے گئے تعلیمی نصاب کے نوٹس 2025-2026 کے مطابق) (۵ نمبر)

## خدا کی نظر دلوں پر ہے

**عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ اِنَّ اللهَ لَا یَنْظُرُ اِلٰی صُوَرِكُمْ وَأَمْوَالِكُمْ وَلٰكِنْ یَّنْظُرُ اِلٰی قُلُوْبِكُمْ وَأَعْمَالِكُمْ۔**

(صحیح مسلم کتاب البر و الصلة باب تحریم ظلم المسلم و خذله ......)

ترجمہ: ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ فرماتے تھے کہ اے مسلمانو! اللہ تعالیٰ تمہاری شکلوں اور تمہارے مالوں کی طرف نہیں دیکھتا بلکہ تمہارے دلوں اور تمہارے عملوں کی طرف دیکھتا ہے۔

**سوال۶۔** دوسرے ٹرم کے تعلیمی نصاب 2025-2026 میں شامل کیے گئے ملفوظات "اعمال میں اخفا اچھا ہے" کے کوئی بھی دو اہم نکات لکھیں۔ (۵ نمبر)

**سوال۷۔** نظم عیسائیوں سے خطاب

درج ذیل الفاظ کے ہم معنی (مترادف) الفاظ لکھیں۔ (۴ نمبر)

| ہم معنی (مترادف) | اردو الفاظ |
|---|---|
| | نور |
| | اوصاف |
| | دلربا |
| | حکمت |

**سوال۸۔** نظم "عیسائیوں سے خطاب" کس نے لکھی ہے؟ درست جواب پر نشان ٹک لگائیں۔ (۱ نمبر)

حضرت مصلح موعودؓ ○

حضرت مسیح موعودؑ ○

**سوال ۹۔** نظم عیسائیوں سے خطاب کا خلاصہ بیان کریں۔(۲نمبر)

**براہ کرم نوٹ کریں سوال نمبر ۱۰ کتاب "ذکر اللہ" پر مبنی ہے جو حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی کی تحریر کردہ، جو خود مطالعہ کے لیے مقرر ہے۔**

سوال ۱۰۔ حضرت مصلح موعودؓ کے مطابق، ہماری جماعت کے لوگوں کے لیے ذکرِ الٰہی پر زیادہ توجہ دینا کیوں ضروری ہے؟(جیسا کہ دوسرے ٹرم کے مرتب کردہ صفحات میں ذکر کیا گیا ہے۔)

جواب ایک سو سے ایک سو پچاس الفاظ میں لکھیے۔(۱۰نمبر)

براہِ کرم نوٹ کریں کہ سوال نمبر گیارہ "کشتی نوح" سے متعلق مختصر جواب والے سوالات پر مبنی ہے۔(امتحان کے لیے مقررہ نصاب کے مطابق)

**کسی بھی چار سوالات کے جواب دیں۔ ہر سوال کے ۲ نمبر ہیں۔ کل ۸ نمبر۔**

**سوال ۱۱**

- حضرت مسیح موعود علیہ السلام الہامی وحی کو کیوں اہم قرار دیتے ھیں؟ بیان کریں۔
- سورہ الفاتحہ کیوں اہم ہے؟ دو وجوہات بیان کریں۔
- "کامل یا قطعی یقین" سے کیا مراد ھے وضاحت کریں۔
- وضاحت کریں کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی تعلیم کے مطابق کسی حدیث کو پرکھنے کے لیے قرآن کریم کو پہلا معیار ہونا چاہیے؟
- پانچ وقت کی نمازیں مومن کو کس طرح فائدہ پہنچاتی ہیں؟ وضاحت کریں۔
- حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے مشن کے دو مقاصد بیان کریں۔

نیچے دیے گئے سطروں پر جوابات لکھیے۔

## حصہ ب-زبانی امتحان

**سوال ۱۲۔** قرآن کریم کی دعا (دعائے رحمت ومغفرت) سنائیں۔

دعا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(۳نمبر)

ترجمہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(۲نمبر)

**سوال ۱۳۔** نیا چاند دیکھنے کی دعا سنائیں

دعا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(۳نمبر)

ترجمہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(۲نمبر)

**سوال ۱۴۔** قصیدے کے اشعار سنائیں

| (ہر شعر کے ۲نمبر ہیں، کل ۱۰نمبر) | |
|---|---|
| شعر ۲۶ | |
| شعر ۲۷ | |
| شعر ۲۸ | |
| شعر ۲۹ | |
| شعر ۳۰ | |